بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily AFAAQ Srinagar

اتوار ۱۴ جون ۲۰۲۶ء بمطابق ۲۸ ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ


# اقوال زریں

شخص اپنے خوابوں کی طرف اعتماد سے بڑھتا ہے،

وہ کامیابی حاصل کرتا ہے۔ ہنری ڈیوڈ تھورو

# ”چلتا ہوں ان خطوط پہ آصفؔ میں آج تک“

(بزرگ شاعر اقبال آصفؔ کے 77 ویں یوم پیدائش کے موقعے پر)



محمد یوسف رحیم بیدری،

موبائل : 9845628595

شاعر کا حقیقی تعارف اس کے کہے گئے اپنے اشعار ہوتے ہیں لہٰذا یہاں چند اشعار تفنن طبع کے بجائے تعارف کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں۔

ہُوا ہُوں میں چپکے سے آجاؤں گا
اُسے چھو کے فوراً چلا جاؤں گا

چلتا ہوں ان خطوط پہ آصفؔ میں آج تک
دو چار خط کیا اس نے لکھے تھے مجھے کبھی

یہ اور بات بہت خوش ہوں اس سے مل کے مگر
بہت اداس ہوں میں اس سے گفتگو کر کے

حیرت زدہ تھے لفظ اُجالوں کو دیکھ کر
میری ہر ایک سوچ سے پھوٹی جو روشنی

بعد مرنے کے میرا کیا ہوگا
رات دن بس یہ سوچتا ہوں میں

اگرچہ چاند ہے پہلو میں پھر بھی
سمندر میں وہ زیر و بم نہیں ہے

جلتی پہ تیل ڈالنا ہم کو نہیں پسند
دیکھیں کہیں جو آگ بجھاتے رہیں گے ہم

دل میں اک بار جو در آئے نہیں جاتا پھر
عشق میں کوئی بھی مہمان کہاں ہوتا ہے

ملت کے ان امیروں سے آصفؔ نہ آس رکھ
کھاتوں میں جن کے لاکھوں کروڑوں کا بیاج ہے

ان اشعار کے خالق کے بارے میں ڈاکٹر سردار سلیم جوائنٹ ایڈیٹر ”روشن ستارے“ تلنگانہ اردو اکیڈمی لکھتے ہیں ”تجربوں کی بھٹی میں تپ کر کندن بن جانے والے لہجوں میں ایک لہجہ، منفرد لہجہ، جذبات کی گہرائی میں ڈوبا ہوا لہجہ، افکار کی بلندیوں کو چھوتا ہوا لہجہ۔ یہ لہجہ ہے اقبال آصفؔ کا، اس لہجے میں زمانے کے عروج و زوال کی ان گنت داستانوں کا کرب پوشیدہ ہے“

وہ آگے لکھتے ہیں ”جناب اقبال آصفؔ وحشی مضامین کو رام کرنے کا ہنر خوب جانتے ہیں۔ کرخت سے کرخت بات بھی وہ بڑی ملائمت سے کہہ جاتے ہیں، مجھے معاف کیجئے! میں سمجھتا ہوں یہ کام سب کے بس کا نہیں ہے، سچ پوچھئے تو یہ پانی میں سانس روکنے کا عمل ہے، پاؤں میں گرداب لپیٹ کر دریاؤں کو پار کرنے کا سلیقہ بہت کم شناوروں میں ہوتا ہے۔



میں پانیوں میں کھیلنے
نکلا تھا جس گھڑی
ہر پاؤں موج
موج مراک
بھنور میں تھا

یہ شعر اقبال آصفؔ کی بلند حوصلگی اور تخلیقی توانائی کا مظہر ہے۔ سمندر اور پانی ان کے خاص استعارے ہیں۔ ڈاکٹر جاوید رفاعی اقبال آصفؔ کی بابت کہتے ہیں ”آصفؔ کے پاس نئے تجربے ہیں، نئے اشارے ہیں، گہراؤ ہے۔ جذبات کی توانائی ہے اور کیفیتوں کا طویل سلسلہ ہے جو شعروں کو ڈھالتا اور رنگ و روپ دیتا چلا جاتا ہے۔ آصفؔ کے یہ اشعار دیکھئے جو اس کے اپنے عہد، اس کے اپنے مزاج کا آئینہ ہیں جس میں ہم آصفؔ کو صاف طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

اپنی پہچان اگر تم کو ہے کرنی قائم
سب کی آواز میں آواز ملایا نہ کرو

پہلے یہ دشت کاٹ تو لینے دو اس کے بعد
سوچیں گے پھر یہاں سے کدھر جانا چاہیے

جناب حامد اکمل ایک بزرگ شاعر ہیں، کرناٹک کے ادبی منظر نامہ میں ان کا نام سنہرے حروفوں سے لکھا جانا چاہیے۔ جناب حامد اکمل نے اقبال آصفؔ کا تعارف کراتے ہوئے اپنے حرفِ اخلاص کو یوں بیان کیا ہے ”اقبال آصف، عادل شاہی سلطنت کے پایہ تخت بیجاپور کے نمائندہ شاعر ہیں۔ ان کا اندازِ سخن پہلی نظر ہی میں 'دامن دل می کشد کہ جا، ایں جانست' کا مصرعہ گنگناتا ہے۔ اقبال آصف ان معنوں میں صاحب طرز شاعر ہیں کہ ان کا طرزِ سخن منفرد اور مختلف ہے۔ نئی غزل کے بے باکانہ انداز میں انکساری قلندری دکھانے والے گنے چنے شعراء میں اقبال آصفؔ کو شامل کیا جاسکتا ہے۔ ان کی غزل عصری آگہی اور کلاسیکی رچاؤ کا خوبصورت امتزاج ہے جس کی وجہ سے ان کے پاؤں ارضِ سخن پر جمے ہوئے ہیں، ان کے لہجے میں مقامیت کی خوبصورتی بھی ہے اور مسلمہ عالمی نزاکت کا احساس بھی“۔

ہوا ہو، تیرگی ہو یا کہ بارش
دیا ہوں، سب کی نیت جانتا ہوں

چلی ہیں بازار میں اکیلی
یہ لڑکیاں بھی ہیں مرد کتنی

شعر گوئی کہیں نہ تھی آصفؔ
اپنے ہونے کی اک نمائش تھی


قاضی اسد ثنائی کے نزدیک جناب اقبال آصفؔ نے ”اپنے وطن بیجاپور کے انجمن پری یونیورسٹی کالج میں سائنس اور ریاضی کے استاذ کی حیثیت سے 23 سال خدمات انجام دیں۔ 2007ء میں وظیفہ حسنِ خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ اقبال آصفؔ صاحب درحقیقت ایک صوفی منش شاعر ہیں، اپنے احساسات کو پاکیزگی اور خوش اسلوبی کے ساتھ نظمانا انہیں خوب آتا ہے۔ اقبال آصف صاحب جتنے اچھے شاعر ہیں اتنے ہی اچھے انسان ہیں۔ خدالگتی بات یہ ہے کہ ان کا تعارف چند لفظوں میں نہیں سما سکتا، ان کی شاعری حقیقی معنوں میں ان کا مکمل تعارف نامہ ہے“

جہاں سے ہم نے 'تعارف' کی بات شروع کی تھی وہیں آکر بات ختم ہوجاتی ہے کہ اقبال آصفؔ کو جاننا ہے تو ان کی شاعری کا مطالعہ ضروری ہوجاتا ہے۔ بہر حال محمد اقبال جن کا قلمی نام اقبال آصفؔ ہے اور جو بیجاپور کے استاد شعراء میں گنے جاتے ہیں، یکم جون 1949ء کو جنوبی ہند کے تاریخی شہر بیجاپور میں پیدا ہوئے، اس بیجاپور میں پیدا ہوئے جس کی دفتری زبان کبھی دکنی ہوا کرتی تھی۔ تاہم دکنی زبان کا اثر اقبال آصفؔ صاحب کے کلام میں نہیں ملتا، اس کے لئے تلاشنا ضروری ہوجاتا ہے مگر اردو کے بارے میں ان کی ایک نظم ”میری اردو زباں“ کے عنوان سے اکامہادیوی مہیلا یونیورسٹی بیجاپور کے بی اے کے نصاب میں شامل ہے، اس کا آخری بند ملاحظہ کیجئے گا۔

آصفؔ خوش بیاں کو ترا پاس ہے
نازکی کا تری خوب احساس ہے
حکم کر اک اشارے کی بس آس ہے
تیری خدمت میں حاضر ترا داس ہے
میری اردو زباں، میری اردو زباں

اردو زباں کے بھی داس کا یکم جون کو 77 واں یوم پیدائش ہے۔ موصوف کو اور اہل اردو کو اقبال آصفؔ کی یوم پیدائش مبارک۔ توقع ہے کہ وہ اردو زبان و ادب کی خدمت بدستور کرتے رہیں گے۔ اور ان کے شاگردوں کو بھی اس کی توفیق نصیب ہوگی۔

# طبیب بھی حبیب بھی



تحریر: پال مزمل شوپیانی

سماج کا ہر فرد کسی بھی پیشے میں جانے سے پہلے بہت ساری محنت اور مشقت کے بعد ہی کامیابی حاصل کرتا ہے اور اس پیشے میں اپنا نام عزت اور روزگار کا طالب ہوتا ہے اور سماج کی خدمت کرنے کے ساتھ ساتھ روزی روٹی کی تگ و دو میں لگا رہتا ہے کوئی استاد کوئی کوئی انجینیر کوئی ڈاکٹر تو کوئی وکالت وغیرہ کا پیشہ اختیار کرتا۔ لیکن ہمارے سماج میں ڈاکٹر کے پیشے کو ایک تعظیم اور قابل تکریم پیشہ سمجھا جاتا ہے کیونکہ خدا کے بعد مریض اگر کسی پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ یہی طبیب ہوتا ہے کیونکہ ایک طبیب مریض کی جان بچانے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے وہ اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لا کر مریض کی شفایابی کیلئے تگ و دو کرتا رہتا ہے ایک طبیب طبیب ہی نہیں بلکہ مریض کیلئے حبیب بھی ہوتا ہے۔ یہ انسانیت شرافت مروت اور محبت و الفت کا پتلا ہوتا ہے اور ہونا بھی چاہئے کیونکہ اگر ایک طبیب میں یہ بہترین اوصاف و خصائل موجود نہ ہوں تو وہ سماج کے لئے وبال بن سکتا ہے کیونکہ نہ صرف ہمارے اسلام میں بلکہ باقی مذاہب میں بھی اس پیشے کو مقدس پیشہ سمجھا جاتا ہے۔

سنسکرت کا ایک قدیم جملہ ہے "ویدیو نارائنو ہری" جس کا مطلب ہے کہ ڈاکٹر بھگوان نارائنا اور بھگوان ہری خود ہیں۔ کچھ علاقوں میں، خاص طور پر دیہی بھارت میں، ایک ڈاکٹر کو 'بھگوان' کے برابر درجہ دیا جاتا ہے۔ مریض اپنے ڈاکٹروں پر بھروسہ کرتے ہیں اور اپنی زندگی ان کے سپرد کرتے ہیں۔ بہت سے مواقعوں پر، وہ ایسی خفیہ بیماری کا انکشاف کرتے ہیں جو شاید خاندان کے کسی قریبی فرد کے علم میں بھی نہ ہو۔ مزید برآں، وہ اپنے جسم کو جانچ پڑتال کے لیے بے نقاب کرتے ہیں اور اپنے آپ کو مکمل اجنبی کے ذریعے آپریشن کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ جبکہ کسی اور پیشے میں ایسا اعتماد اور بھروسہ دیکھنے کو نہیں ملتا ہے۔ اسی عقیدے کو طبی برادری کو ہمیشہ قدر اور حفاظت کرنی چاہیے۔ نیز، یہی وجہ ہے کہ ایک ڈاکٹر کا فرض ہے کہ وہ اعلیٰ درجے کے اخلاقی طرز عمل کی پابندی کرے اور اسے یہ سمجھنا چاہیے کہ وہ ایک بہت ہی مراعات یافتہ مقام پر ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ گزشتہ چند برسوں میں مختلف وجوہات کی بنا پر ڈاکٹر اور مریض کے درمیان باہمی اعتماد میں تیزی سے کمی آئی ہے۔ مریضوں اور ڈاکٹروں دونوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کھوئے ہوئے اعتماد کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے مل کر کام کریں، اور واقعی، اس منفرد رشتے کو تقویت دینے کی بھرپور کوشش کی جائے: آج کے دور میں، جب ڈاکٹر اور مریض کا رشتہ شدید تناؤ کا شکار ہے، مواصلات کی مہارت اور بھی اہم ہو جاتی ہے۔ مریض کے ڈاکٹر کے کنسلٹنگ روم میں داخل ہونے سے لے کر مریض کی رضامندی لینے تک، چاہے بات وارڈ راؤنڈز کی ہو، بری خبروں سے لیکر اچھی بریکنگ کی ہو یا پھر میڈیا کو مخاطب کرنے کی ہو، ہر سطح پر انداز گفتگو اچھی ہونی چاہیے۔

مگر بدقسمتی بات ہے کہ آئے روز یہ خبریں آتی رہتی ہیں کہ فلاں جگہ پر فلاں ڈاکٹر کو پیٹا گیا یا کہیں پر ڈاکٹر کی وجہ سے تیماردار یا مریض کو ہراساں کرنے کی خبریں گشت کرتی رہتی ہیں وجوہات صرف اتنی ہی ہوتی ہیں کہ دونوں مریض اور تیماردار یا ڈاکٹر پلک جھپکتے ہی آپے سے باہر ہو جاتے ہیں بے صبری کا مظاہرہ دیکھنے کو مل رہا ہے جسکی وجہ سے طبیب اور مریض یا تیماردار کے درمیان ایک خلا سی پیدا ہوگئی ہے حال ہی میں ضلع پلوامہ کے ہسپتال سے ایک ڈاکٹر کو مجروح کرنے کی خبر سوشل میڈیا پر پھیل گئی بلکہ اس ڈاکٹر کی مجروح کردہ تصاویر اور ویڈیوز بھی دیکھنے کو ملی جس نے ہر ذی حس شہری کے دل کو تکلیف پہنچائی۔ بحیثیت ایک ذمہ دار شہری کے طور پر ہمیں یہ سوچنا چاہئے کہ ایک ڈاکٹر چوبیس گھنٹے اپنے فرائض انجام دیتا رہتا ہے اور بنا تھکن کے اپنے مریض کو ہر طرح کی سہولیت بہم پہنچانے اور اسکی صحت یابی کیلئے وہ ہر ممکن کوشش میں لگا رہتا ہے


وقت کی اہم ضرورت ہے ہم ایک طبیب کو اپنے سماج میں وہ مقام اور مرتبہ دیں جسکا وہ مستحق ہے اور ایک طبیب کو بھی اپنے مریضوں کے تئیں حبیب ہونا لازمی ہے میں تمام اطباء حضرات سے مودبانہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ چاہے آپ سرکاری ہسپتالوں میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوں یا پرائیویٹ کلنک پر ہر وقت اور ہر لمحہ ایک تو صبر و تحمل اور بردباری اور غریبوں کا خیال رکھا جائے چونکہ میں اس بات کا چشم دید گواہ ہوں کہ ایک مریض جو ایک کلنک پر آتا ہے سخت درد و کرب سے گزر رہا تھا تو کلنک پر اسے بولا جاتا ہے کہ یہاں ڈاکٹر صاحب کی فیس چار سو روپیہ ہے لیکن وہ الٹے پاؤں اسلئے واپس چلا جاتا ہے کیونکہ اس کے پاس اتنے پیسے نہیں ہوتے۔ ایک طبیب کو ان باتوں کا خیال رکھنا بھی لازمی ہے تاکہ غریب لوگوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اور یہ بات بھی اطباء حضرات ذہن نشین کر لیں کہ صرف مادیت پرستی کے پیچھے لگے رہنا اور پیسے کو ہی سب کچھ سمجھ لینا یہ غلط بات ہے اس طرح ایک انسان انسانیت کے معیار سے گر جاتا ہے خاص کر آپکے پیشے میں ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ آجکل اکثریت ایسے لوگوں کی زیادہ ہے جو مالی حالات سے جوجھ رہے ہیں۔ میں اپنے اطباء حضرات سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ اگر آپ سرکاری نوکری بھی کرتے ہیں تو پھر پرائیویٹ کلنک پر اتنی بھاری رقم بطور فیس رکھنے کی کیا ضرورت ہے خدارا غریبوں مفلسوں اور مالی حالات سے جوجھ رہے لوگوں کا خیال بھی رکھا جائے تاکہ وہ بھی وقت پر اپنا علاج کرا سکیں اور انکے بھی جان کے لالے نہ پڑیں۔ مجھے امید ہے کہ جن حضرات تک میری یہ بات پہنچے گی وہ اس پر بحیثیت انسان عموماً اور بحیثیت مسلمان خصوصاً غور فرمائینگے اللہ تعالیٰ تمام اطباء حضرات کو صحیح سلامت رکھے اور سماج کی بے لوث خدمت کرنے کا موقع دے۔ آمین

وما علینا اللبلاغ

مخلص و ملنسار جو بھی طبیب ہیں
ہر دلعزیز لوگوں کے دل کے قریب ہیں
بے لوث خدمت گر کرتے ہیں یہ طبیب
پھر اللہ کے ہیں پیارے اور خوش نصیب ہیں
نادار مفلسوں کا ہر دم رکھو خیال
تو دینگے دعائیں دل سے جو بھی غریب ہیں
ہے کون پال جس نے یہ حال دل لکھا
چھوٹا سا ایک خادم اور اک ادیب ہے


Email
paulmuzamil00@gmail.com


# افسانہ: تمباکو مخالف عالمی دن



تحریر: رئیس احمد کمار، قاضی گنڈ، کشمیر

تحصیل سطح کی تقریب میں تحصیلدار صاحب کو خصوصی دعوت نامہ بھیجا گیا تھا۔ انہیں بطور مہمانِ خصوصی تمباکو مخالف عالمی دن کے پروگرام میں شرکت کرنی تھی، جس کا انعقاد محکمہ تعلیم نے ضلع انتظامیہ کے اشتراک سے ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول کے آڈیٹوریم میں کیا تھا۔

تمام اسکولوں کے طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے تمباکو نوشی کے مضر اثرات پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور اس عہد کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی زندگی میں سگریٹ اور دیگر تمباکو مصنوعات سے مکمل اجتناب کریں گے۔

تقریب کے اختتام پر تحصیلدار صاحب نے اپنے صدارتی خطاب میں سامعین کو تمباکو نوشی سے دور رہنے کی پرزور تلقین کی۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ جو کوئی دکاندار تعلیمی اداروں کے نزدیک سگریٹ یا تمباکو کی دیگر اشیا فروخت کرتا پایا گیا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اپنی دھواں دار تقریر کے ذریعے تحصیلدار صاحب نے حاضرین کو بے حد متاثر کیا۔ اس موقع پر انہیں یادگاری مومنٹو اور بہترین مقرر کے ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔

تقریب کے اختتام کے بعد تحصیلدار صاحب نے ڈرائیور کو گھر واپس چلنے کا اشارہ کیا۔ گھر میں ان کی اہلیہ اور دو بچے بے صبری سے ان کا انتظار کر رہے تھے، کیونکہ انہوں نے پوری تقریب فیس بک پر براہِ راست دیکھی تھی اور پہلی مرتبہ ان کی اتنی پُرجوش تقریر سنی تھی۔ ان کے لیے لپٹن اور نمکین، دونوں قسم کی چائے تیار رکھی گئی تھی۔

گھر پہنچنے پر اہلیہ اور بچوں نے انہیں مبارک باد دی۔ پھر اہلیہ نے مسکراتے ہوئے پوچھا:

"میں آپ کے لیے کون سی چائے لاؤں؟"

تحصیلدار صاحب نے کوٹ اتارتے ہوئے جواب دیا:

"نہیں، نہیں … ابھی تو میں بہت تھک چکا ہوں۔ چائے بعد میں پی لوں گا، پہلے مجھے سگریٹ کے دو چار کش لگا لینے دو"!

کمرے میں اچانک خاموشی چھا گئی۔

# بچے نفسیاتی الجھنوں کا شکار

ہمارے اردگرد ہر دم پلنے بڑھنے والی نازک اور معصوم مخلوق، ہمارے بچے بھی آج کل کے تیز رفتار دور میں بہت سی نئی الجھنوں کا شکار نظر آتے ہیں۔ معصوم ہونے کی وجہ سے وہ اپنے اندر کی کیفیات کو ہمارے ساتھ کھل کر بیان نہیں کر پاتے، لیکن کئی ایسے مسائل دیکھنے میں آرہے ہیں جو بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما میں ایک ناسور کی طرح پل بڑھ رہے ہیں۔ ذہنی تناؤ، پریشانیاں اور ڈپریشن، یہ کسی زمانے میں امیروں اور بڑوں کی بیماریاں سمجھی جاتی تھیں، لیکن آج اس سے ہمارے بچے بھی محفوظ نہیں رہے۔

تعلیم کے ابتدائی چند سال کا عرصہ ہر بچے کی زندگی کا ایک ایسا وقت ہوتا ہے جب اس کی کئی طرح کی مشق ہوتی ہے۔ جس میں دباؤ کو قبول کرنے کی صلاحیت کو بھی پروان چڑھایا جاتا ہے۔ کچھ بچے اس سائیکل میں بہت کامیاب رہتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے زیادہ تر بچے اس عمل میں احساس کمتری کا شکار ہوتے نظر آتے ہیں۔

تعلیم کے دوران آئے دن ٹیسٹ اور اسائنمنٹ سے جہاں ان کی کارکردگی کو دیکھا جاتا ہے، وہیں مسلسل گرتی کارکردگی کچھ بچوں کے ذہن میں تشویش کا باعث بن کر سامنے آتی ہے۔ حتیٰ کہ معاملہ اس قدر سنگین صورت اختیار کر جاتا ہے کہ بچے کو اپنے اندر کسی صلاحیت پر یقین نہیں رہتا اور وہ اپنی ذات کو لے کر شک و شبہات میں مبتلا نظر آتا ہے۔ اس طرح کے جذبات کے ساتھ زیادہ عرصے تک منسلک رہنے سے بچے کے اندر احساس کمتری جنم لیتی ہے، جو ایک یقین میں بدل جاتی ہے اور بہت جلد اس کو اپنے بارے میں یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا۔

ایسی صورتحال میں یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ عام طور پر بچہ یہ الجھن خود حل کرنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ اس کیفیت کو بیان کرنے سے بھی قاصر ہوتا ہے۔ بچوں میں عام رویہ دیکھنے میں آتا ہے کہ ان کے پاس مستقبل میں کچھ بننے کے بہت سے خواب ہوتے ہیں۔ اکثر جب بچوں سے سوال کیا جاتا ہے کہ بڑے ہو کر کیا بننا ہے؟ تو چمکتی آنکھوں اور روشن چہرے کے ساتھ اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے نظر آتے ہیں اور اکثر ان کے خواب اور ہدف وقت کے ساتھ بدلتے بھی رہتے ہیں۔ لیکن انہی میں کچھ ایسے بچے بھی دیکھنے کو ملتے ہیں جو مستقبل کے بارے میں کوئی خاص پلاننگ نہیں رکھتے، بلکہ ان کا ذہن کسی بھی جواب سے خالی نظر آتا ہے۔

جن بچوں کو اپنی صلاحیتوں پر اعتماد نہیں ہوتا وہ اکثر دوسروں سے توثیق کرنے کیلئے رجوع کرتے ہیں۔ دوسرے انھیں مستقل طور پر یہ بتائیں کہ وہ کسی کام کو کرنے کے قابل ہیں بھی یا نہیں۔ دوسروں کے خیالات اور رائے کو وہ بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ آپ سے پوچھتا رہتا ہے کیا آپ سمجھتے ہیں کہ میں ہوشیار ہوں؟ یا مجھے نہیں معلوم کہ میں اسائنمنٹ کرسکتا ہوں یا نہیں؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ میں کرسکتا ہوں؟ اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ امید کررہا ہے کہ آپ اسے یقین دہانی کروائیں کہ ہاں وہ کرسکتا ہے۔ اس معاملے میں کوتاہی اور لاپروائی اس کو مزید قائل کردیتی ہے کہ وہ کچھ کرنے کے قابل نہیں ہے۔

ایسے حالات میں سب سے زیادہ ذمے داری والدین اور اساتذہ پر عائد ہوتی ہے کہ وہ بچوں کا بغور مطالعہ کریں اور انہیں جانچنے کی مکمل کوشش کریں۔ کیا وہ اس طرح کی نفسیاتی الجھنوں کا شکار تو نہیں ہیں؟ اگر بچے پر مکمل توجہ دی جائے تو کچھ ہی عرصے بعد ان کے اندر بدلاؤ لانا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

سب سے بہترین اور آزمودہ حل غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینا ہے۔ غیر نصابی سرگرمیاں طلبا میں اعتماد پیدا کرنے کا ایک زبردست طریقہ ہے۔ کھیلوں کی ٹیمیں، آرٹ کلاسز، اسکول ڈرامے اور دیگر سرگرمیاں طلبا کے اعتماد میں زبردست اضافہ کرتی ہیں۔ یہ اعتماد اسکول سمیت زندگی کے ہر شعبے میں پھیلا ہوا ہے۔ اپنے بچے سے پوچھیں کہ وہ کس چیز میں دلچسپی رکھتا ہے؟ انہیں اس کلاس میں داخل کروائیں اور اس کی ہر کارکردگی کو خوب سراہتے ہوئے اس کے اندر اعتماد اور حوصلہ بڑھائیں۔

یہ بچے ہمارا کل ہیں اور اپنے کل کو سنوارنے کیلئے ہمیں اپنے آج کو بہتر بنانا ہوگا۔ اپنے بچوں کی ضروریات کو سنتے ہوئے اس کا آج بہترین بنانا ہوگا۔ جو مسائل اور پریشانیاں ان کو عمر کے ایک خاص حصے میں ملنا نصیب ہوتی ہیں، ان کے کاندھوں پر ابھی سے وہ بوجھ نہ ڈالیں۔

